بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ نستعین......

اداریہ

لاہور سید ہجویر مخدوم امم رحمۃ اللہ علیہ کا مرکز اور زندہ دلانِ لاہور کا مسکن ہے ۔گزشتہ دنوں پنجاب یونیورسٹی لاہور میں قائم ہجویری چیئر اور محکمہ اوقاف پنجاب کے اشتراک سے ایک تصوف سیمینار کا انعقاد ہوا ، راقم کو مقالہ پیش کرنے کا حکم خواجہ قطب الدین فریدی دامت برکاتہم ، حضرت استاذ الاساتذہ پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد اظہر صاحب اور ڈی جی اوقاف برادرم جناب طاہر رضا بخاری صاحب سے یکے بعد دیگرے **علی الهواء مباشرة ثم كتابة ورسالة** موصول ہوا۔لاہور پہنچے تو صدر شعبہ عربی پنجاب یونیورسٹی برادرم ملک خالقداد صاحب نے فرمایا کہ علی الصباح الباکر سیمینار کا آغاز ہوجائے گا اور پہلا پہلا مقالہ جناب کو ہی پیش کرنا ہے ....قہر درویش بر جان درویش ....ہمارا خیال تھا دو چار مقالوں سے منہ ہاتھ دھو لینے کے بعد ہماری باری آئے گی جب تک سردی بھی کچھ اتر جائے گی مگر نہ صاحب ،ادھر تو گویا محفل کو ناشتہ ہی ہمارا کرنا تھا حکم کا اشارہ پاتے ہی مقالے کا اختصاریہ تیار کیا اور صبح سویرے بعد از خطاب بسیط حضرت استاذ الاساتذہ دکتور ظہور احمد اظہر صاحب، مقالہ پیش کیا.....ہمیں تشویش تو بڑی تھی کہ بڑے بڑے علماء ودانشورانِ جامعہ پنجاب کے سامنے کیونکہ مقالہ پیش کیا جائے گا لیکن بقول شخصے ....ولے بخیر گزشت..........

ہم نے گزشتہ کسی شمارہ میں مجلّہ کے سنۃ ذات العسر ۃ کا ذکر کیا تھا،قرآن کریم میں ان مع العسر یسرا آیا ہے، چنانچہ اب یسر کی بات بھی ہوجائے کہ اس کا ذکر نہ کرنا ناشکری کے زمرے میں آسکتا ہے۔عسر کے ساتھ ہی جب یسر آیا تو اس کی ایک صورت یہ ہوئی کہ جامعہ نعیمیہ لاہور میں ہمارے بعض کرم فرماؤں نے حضرت مفتی ڈاکٹر راغب حسین نعیمی صاحب کے زیر حکم واہتمام وحضرت علامہ غلام نصیر الدین نصیر صاحب کی زیر قیادت مجلّہ فقہ اسلامی کے دس

سال مکمل ہونے پر ایک اچھی خاصی تقریب کا اہتمام کر ڈالا ......

اس تقریب تہنیت و پذیرائی سے لاہور کے فاضل علماء کرام نے خطاب کیا......جناب سلیم اللہ اویسی صاحب (ایگزیکٹو آفیسر مرکز معارف اولیاء لاہور) ....جناب علامہ محمد منشا تابش قصوری صاحب ....جناب حافظ قاری علامہ اسد اللہ نوری صاحب ....معروف محقق وسیرت نگار حضرت حافظ سعد اللہ صاحب ....ماہنامہ محدث لاہور کے نائب مدیر جناب حسن مدنی صاحب ....ایوان اقبال لاہور سے جناب شاہد حنیف صاحب.......... جامعہ اسلامیہ لاہور سے جناب سمیع الرحمٰن صاحب بطور خاص شریک محفل ہوئے ....مقررین نے اپنے اپنے انداز میں مجلّہ فقہ اسلامی کی دس سالہ کارکردگی کو سراہا اور مجلس ادارت کے صبر ورضا کی تحسین کی، نیز اب تک شائع ہونے والے مقالات کے معیار کو داد دی......ہم اپنے ان تمام احباب اور بالخصوص جامعہ نعیمیہ لاہور کے مہتمم وناظم اعلی جناب مفتی ڈاکٹر علامہ راغب حسین نعیمی صاحب، جامعہ کے اساتذہ کرام اور درجہ رابعہ وخامسہ کے طلبہ نیز دیگر طلبہ وشرکاء مجلس کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے مجلّہ فقہ اسلامی کے دس سال مکمل ہونے پر تہنیتی پروگرام کر کے ہمارے حوصلوں کو جلا بخشی ....فجز اھم اللہ احسن الجزاء..................

عہد رسالت سے عہد حاضر تک

فن اصول فقہ کی تاریخ پر ایک موقر تحقیقی کتاب

جس میں اصول فقہ کے وہ تمام مباحث اردو زبان میں موجود ہیں جن کی ضرورت مدارس دینیہ کے طلبہ وطالبات اور محققین کو پیش آتی رہتی ہے ازقلم ڈاکٹر فاروق حسن صاحب استاذ جامعہ این ای ڈی، فاضل علوم اسلامیہ جامعہ علیمیہ کراچی ۹۶۰ صفحات پر بڑی تقطیع میں عمدہ طباعت خوبصورت ٹائیٹل بہتری کاغذ، شاندار طباعت، ناشر دارالاشاعت اردو بازار کراچی

☆ یقین شک کی وجہ سے زائل نہیں ہوتا ☆ (فقہی ضابطہ)